سوال

(290) بیوی کے پستان دودھ کا قطرہ منہ میں چلا جائے تو نکاح نہیں ٹوٹتا

جواب

السلام علیکم ورحمة اللہ وبرکاتہ

کیا اگر خاوند اپنی بیوی کا پستان منہ میں ڈالے اور دودھ کا قطرہ اس کے منہ میں چلا جائے تو نکاح ٹوٹ جاتا ہے یا نہیں (سائل : عبدا لجلیل اکبر منڈی لاہور)

الجواب بعون الوہاب بشرط صحة السؤال

وعلیکم السلام ورحمة اللہ وبرکاتہ!

الحمد للہ، والصلاة والسلام علیٰ رسول اللہ، أما بعد!

یہ اگرچہ غلط کام ہے خاوند کو ایسا کرنا جائز نہیں ہے ،تاہم نکاح نہیں ٹوٹتا۔ نکاح بہر حال قائم رہتا جیسا کہ امام نووی نے شرح مسلم میں اس کی وضاحت کی ہے۔ مزید یہ کہ رضاعت کے لئے ضروری ہے کہ دودھ پینے والے کی عمر دو برس سے زائد نہ ہو جیسا کہ موطا امام محمد میں ابن عمر رضی اللہ عنہ کا قول موجود ہے۔

ھذا ما عندي واللہ أعلم بالصواب

فتاویٰ محمدیہ

ج1ص724

محدث فتویٰ